Islamiat - FSC Part 1 Islamiat Chapter 2 Short Questions Preparation

Q1. منافق کی دونشانیاں بیان کریں.

Ans 1: منافق کی دو نشانیاں درج ذیل ہیں 1.منافق جب بولے گا جھوٹ بولے گا 2.جب وعدہ کرے گا تو خلاف ورزی کرے گا

Q2. نماز کے بارے میں ایک حدیث کا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: ترجمہ: دین کی اصل بنیاد اللہ اور رسول کے سامنے سرتسلیم خم کر دینا ہے اور اس عمارت کا ستون نماز ہے.

Q3. جہاد کی دو اقسام بیان کریں.

Ans 1: جہاد کی مندرجہ ذیل دو اقسام درج ہیں: 1.خواہش نفس کے خلاف جہاد 2.شیطان کے خلاف جہاد

Q4. سچائی کے بارے میں ایک حدیث کا ترجمہ تحریر کریں.

Ans 1: ترجمہ: بے شک سچائی نیکی کی طرف رہنمائی کرتی ہے اور جھوٹ نافرمانی کی طرف رہنمائی کرتا ہے.

Q5. تقوی کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: تقوی کا مفہرم پرہیز گاری ہے،تقوی دل کی اس کیفیت کا نام ہے جو انسان کو برائیوں سے روکتی اور نیکیوں کی طرف راغب کرتی ہے.

Q6. نماز کے چار فوائد لکھیں.

Ans 1: باقاعدگی کے ساتھ نماز ادا کرنے سے اللہ کا قرب نصیب ہوتا ہے 1.نماز پڑھنے سے مسلمان کے اندر بندگی کا احساس پیدا ہوتا ہے 2.نماز گناہوں سے بچاتی ہے 3.اور پرہیز گاری کا ذریعہ ہے. 4.باجماعت نماز کی ادائیگی سے مسلم امہ کے درمیان اتحاد و اتفاق پیدا ہوتا ہے.

Q7. کسب حلال کے بارے میں ایک آیت کا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: کسب حلال سے مراد رزق کی تلاش میں ہر وہ کام یا مزدوری کرنا جو ناجائز یا حرام کی لسٹ میں نہ آئے.قرآن مجید میں ایک جگہ ارشاد ہے اے رسولو! کھاؤ ستھری چیزیں اور کام کرو بھلا: ایک اور جگہ ارشاد ہے ترجمہ: " اے ایمان والوں! کھاؤ پاکیزہ چیزیں جو روزی دی ہم نے تم کو".

Q8. استطاعت کے حج نہ جانے پر رسول(ص) نے کیا ارشاد فرمایا؟

Ans 1: آپ(ص) نے فرمایا کو آدمی استطاعت رکھتا ہو اور حج نہ کرے تو وہ کبیرہ گناہ کا مرتکب ہوتا ہے اللہ اس سے ناراض ہوتا ہے.

Q9. غیبت کن صورتوں میں جائز ہے؟

Ans 1: اخلاقی بیماریوں میں غیبت جس قدر بری بیماری ہے،بدقسمتی سے ہمارے معاشرت میں اسی قدر عام ہے .شریعت اسلامی میں غیبت صرف دو سورتوں میں جائز قرار دی گئی ہے، ایک مظلوم کی ظالم کے خلاف فریاد کی شکل میں اور دوسرے لوگوں کو کسی فریب کاری سے آگاہ کرنے لے لیے.

Q10. زکٰوۃ کن لوگوں کو نہیں دی جا سکتی ؟

Ans 1: وہ عزیز و اقارب جن کی کفالت شرعا فرض ہے مثلا ماں ،بیٹی ،شوہر،بیوی وغیرہ انہیں زکوۃ نہیں دی جا سکتی.